نونہال ۔خاص نمبر | صدر مجلس ادارت : حکیم محمد سعید صاحب و مدیر اعلیٰ مسعود احمد برکاتی ۔
پتہ : ہمدرد نونہال، ہمدرد ڈاک خانہ، ناظم آباد، کراچی ۱۸۔۵۹ ۔صفحات : ۳۰۴ ، رنگین ٹائیٹل،
قیمت خاص نمبر ۱۰/- روپے ۔عام شمارہ : ۵/- روپے ، سالانہ ۵۵/- روپے

محترم حکیم محمد سعید صاحب کے مختلف کاموں کو اگر مجسم و منجمد کر کے شیشے کی الماریوں میں سجا دیا جائے کہ ایک عظیم الشان عجائب گھر وجود میں آجائے گا۔ ان کی درخت خدمات کی ایک دلکش شاخ بچوں کا رسالہ نونہال ہے۔ بچوں کو آج اچھی تحریریں آسان زبان اور دلچسپ انداز میں پڑھنے کی ضرورت پہلے سے کئی گنا زیادہ ہے۔ آج کل والدین کو تو تمدن جدید اور معاشی مسائل گھروں میں ٹکنے ہی نہیں دیتا۔ وہ تھکے تھکائے گھر آتے تو یہاں کے رکے ہوئے کام اور ضرورت آرام کا دو طرفہ دباؤ! بچوں کو کون وقت دے کر زندگی اور دین اور اخلاق اور سائنس کے مسائل انہیں سمجھائے۔ جو بچوں کا کچھ حق ادا کرتے بھی ہیں وہ آج کی وسیع ضروریات اور مسائل کے لحاظ سے آٹے میں نمک کی مثال ہیں۔ بچوں کی زندگیوں میں یہ خلا اگر پر نہ کیا جائے تو زندگیاں آوارہ و بے مقصد ہو جائیں گی یا اسے غلط مواد مطالعہ و تفریح سے پر کیا جائے تو افکار و گفتار اور کردار میں تباہی آجائے گی۔ اس آفت کے کچھ نہ کچھ اثرات دیکھے جا سکتے ہیں۔

حکیم صاحب اور بعض دوسرے حضرات جو بچوں کے لیے اچھی ذہنی غذا کی فراہمی کا اہتمام کرتے ہیں وہ بہت بڑی دینی اور قومی خدمت انجام دیتے ہیں۔ نونہال میں بچوں کی نفسیات کو ملحوظ رکھ کر تفریحی تحریریں، جدید ایجادات کی معلومات، سبق آموز کہانیاں، حضور اکرمؐ کی سیرت کی جھلکیاں، صحت و تندرستی سے متعلق رہنمائی، انسائیکلو پیڈیا کے عنوان سے سوالوں کے معلومات افزا جواب، معلومات عامہ، مخلوق خداوندی کے عجائبات، لطائف، پہیلیاں، جغرافیہ، نظمیں، سائنسی مشغلے، قلمی دوستی وغیرہ قسم کا مواد جمع ہے۔ روبوٹ کی جدید ترین باتیں ہیں، گلیور اور بونوں کی داستان درج ہے۔ آخر میں مشکل الفاظ کے معانی ہیں۔

ابن انشاء مرحوم، شان الحق حقی، میرزا ادیب، پطرس بخاری، فیض لدھیانوی، علی ناصر زیدی اور دوسرے لکھنے والوں کے اور ارکان ادارہ کے خامہ ہائے گل افشاں نے خاص نمبر میں پھول ہی پھول بکھیر دیئے ہیں۔

اقرار کرتا ہوں کہ میں خود بھی نونہال کا مطالعہ کرتا ہوں۔